# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabadpolice.gov.pk | ہفتہ 06 اپریل 2024 | Islamabad Police


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 55149 |
| ملازمین کا اندراج | 53491 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20718 |
| گمشدگی / برآمدہ | 08 |
| جنرل ویریفکیشن | 94519 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 84 |
| گرفتار ملزمان | 49 |
| یکسو چالان | 60 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 6684 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | ---- |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 3114 |
| سنگین خلاف ورزی | 2798 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3995 |
| بوگس کال | 3400 |
| ایمرجنسی رسپانس | 343 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 02 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 16 منٹ |

## ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے شہریوں کے نام اہم پیغام جاری کر دیا

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے شہریوں کے نام اہم پیغام جاری کر دیا، انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کی جان و مال اور عزت کی حفاظت ہے، اگر آپ کو کہیں محسوس ہو کہ پولیس اہلکار آپ کو ناجائز تنگ کر رہے ہیں، آپ سے نکاح نامہ طلب کر رہے ہیں، آپ سے غیر ضروری طور پر گاڑی کے کاغذات چیک کرنے کی مد میں آپ کو ہراساں کر رہے ہیں، یا کوئی ایسی چیز جو جرم کے متعلقہ نہ ہو اس میں آپکو ہراساں کر رہے ہوں تو آپ میرے نمبر پر 0330-0260022 میسج کریں، اس کے ساتھ بہت ضروری بات آپکو بتانا چاہوں گا کہ پولیس اہلکار اگر آپکو کہیں روکے تو لازمی رکیں اور پولیس اہلکاروں کے ساتھ لازمی تعاون کریں، یہ پولیس آپکی اپنی پولیس ہے، سب سے ضروری بات یہ ہے کہ جہاں پر آپکی تمام شکایات سننے کیلئے سینئر پولیس افسران موجود ہے، تو میرے خیال میں آپکو لڑائی جھگڑا کرنے کی ضرورت نہیں ہے، جو روڈ پر کھڑے سپاہی ہے وہ آپ کی جان و مال اور عزت کے تحفظ کیلئے ہیں، آپ نے ان



کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اچھے اخلاق سے پیش آنا ہے، پولیس چاہے کسی بھی ملک میں ہو انہیں یہ اختیار حاصل ہوتا ہے کہ وہ کسی شخص کو یا کسی گاڑی کو روک کر تلاشی اور کوائف کی چھان بین کر کے شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنا سکے، اس میں کسی کی ہتک عزت نہیں ہوتی ،شہریوں نے اس موقعہ پر اپنے آپ کو پولیس کے سامنے کلیئر ثابت کرنا ہے اور بتانا ہے کہ وہ کسی مجرمانہ سرگرمی یا کسی جرم کے ارتکاب کا حصہ نہیں ہے، اس موقعہ پر اگر کوئی پولیس اہلکار آپ کو ہراساں کر کے آپ سے رشوت طلب کرتا ہے تو اس کے متعلق آپ اپنی شکایات درج کر واسکتے ہیں، شکایت درج کروانے والے شہری کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا، شہریوں سے ناروا سلوک کی شکایات پر نہ صرف شہریوں کی داد رسی کی جائے گی بلکہ محکمہ پولیس میں موجود کرپٹ عناصر کے خلاف بھی سخت محکمانہ کارروائیاں عمل میں لائیں جائیں گی۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 03 ہزار 87 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیو ں کی جانچ کی، جبکہ 13 مشکوک اشخاص اور 79 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 03 ہزار 87 شکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 757 مشکوک افراد، 2,326 موٹر سائیکل اور 04 گاڑیاں شامل ہیں، جبکہ 13 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 79 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

## ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران و جوانوں کے نام اہم ہدایات جاری کر دیں

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران و جوانوں کے لئے اہم ہدایات جاری کر دیں، انہوں نے کہا کہ تمام پولیس افسران و جوان جو اسلام آباد کیپیٹل پولیس میں کسی بھی جگہ تعینات ہیں اور اپنے فرائض سرانجام دے رہیں ہیں ان کی سب سے پہلی ذمہ داری اور اولین ترجیح عوام الناس اور ان کی جان و مال اور عزت کی حفاظت کرنا ہے، انہوں نے افسران و جوانوں کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ شہریوں کے ساتھ کسی صورت ناانصافی اور ہراساں نہ کریں، انہوں نے ڈولفن سکواڈ اور گشت پر مامور افسران و جوانوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی شناخت کو واضح بنائیں گے، اپنی یونیفارم پر نام کی پلیٹ کو واضح طور پر استعمال کریں گے، اگر کسی افسر یا جوان نے اپنے یونیفارم پر نام کی پلیٹ کے بغیر اپنے فرائض سرانجام دیئے تو ان کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انہوں نے افسران و جوانوں کو مزید ہدایات جاری کہ وہ شہریوں کو بلاوجہ تنگ نہ کریں، شہریوں سے کسی صورت نکاح نامے طلب نہ کیے جائیں، شہریوں کے منہ نہ سونگھے جائیں، اگر کوئی پولیس افسر یا جوان کسی شہری کو بے جا ہراساں کرنے میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، کچھ عرصہ قبل شہریوں کی جانب سے ایسی شکایات موصول ہونے پولیس اہلکاروں کو نوکری سے برخاست کر کے ان کے خلاف مقدمات کا اندراج بھی کیا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز نے واضح کیا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا واضح مقصد کرائم فائٹنگ اور شہریوں کی جان و مال اور عزت کی حفاظت کرنا ہے، تمام پولیس افسران و جوانوں کی توجہ صرف جرائم کا انسداد ہونی چاہیے، تمام افسران و جوان عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنے فرائض سرانجام دیں۔

# وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری ہیں

**اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دو پیشہ ور بھکاریوں سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**




ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران دو پیشہ ور بھکاریو ں سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ شالیمار پولیس نے ملزم اکبر علی کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,015 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس نے ملزم فہیم خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 560 گرام چرس اور دو گرام کوکین برآمد کرلی، تھانہ گولڑہ پولیس نے دو ملزمان سہیل علی اور محمد عدنان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 480 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ملزم علی رضا کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ شمس کالونی پولیس نے ملزم رحمت اللہ کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ نون پولیس نے ملزم شاہ گل کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,050 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ کرپا پولیس نے تین ملزان حیدر عباس، غلام مصطفی اور قمر مختار کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے ایک عدد ریپٹر گن، ایک عدد خنجر اور 520 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ پھلگراں پولیس نے ملزم وقاص عمر کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے ملزم وارث علی کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے ملزم جواد شاہد کو گرفتار کرکراس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانیوالی خصوصی مہم کے دوران دو پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار'-15' یا" آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ سنبل پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب سابقہ ریکارڈ یافتہ گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے قیمتی موبائل فون، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ سنبل پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب سابقہ ریکارڈ یافتہ گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے قیمتی موبائل فون، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت عبدالرحیم اور شمشیر احمد کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام ترممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ




تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار–" 15 یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع کریں۔

# قتل ودیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 14 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کر کے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار–"15 یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع دیں۔

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار -15" پر 03 ہزار 995 کالز موصول ہوئیں، جن میں 03 ہزار 400 غیر متعلقہ کالز تھیں**

جو کہ کل کالز کا 85% فیصد ہے،" پکار– " 15 ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جاسکتی ہے، جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے۔ اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن ''پکار–'' 15 وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بر وقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، ''پکار– 15'' ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جاسکتی ہے، سیف سٹی میں ''پکار– 15'' کال سینٹر موجود ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے، ان میں پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس سہولت شامل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ''پکار -15'' ہیلپ لائن پر 03 ہزار 995 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 03 ہزار 400 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 85% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 343 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، 85 % فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ ''پکار– 15'' ہیلپ لائن آپ کی سہولت کے لیے ہے اور اس کا صحیح استعمال بھی آپ کی ذمہ داری ہے، ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو جھوٹی اطلاع یا کال کر کے پولیس کا وقت ضائع کرتے ہیں۔



# اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے وفاقی دارلحکومت میں جمعتہ الوداع اور یوم القدس کے جلوس کے سلسلہ میں موثر سکیورٹی انتظامات

**2,500 سے زائد افسران و جوانوں نے سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، فیصل مسجد سمیت تمام مساجد اور امام بارگاہوں کے اردگرد گشت پر مامور اہلکار مستعدر ہے، یوم القدس کے جلوس کے لئے بھی بھرپور سکیورٹی اقدامات کئے گئے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے جمعتہ الوداع اور یوم القدس کے جلوس کے سلسلہ میں موثر سکیورٹی انتظامات کیے، اس سلسلہ میں وفاقی دارلحکومت میں 2500 سے زائد افسران و جوانوں نے سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، جبکہ شہر بھر میں تلاشی کا عمل بھی جاری رہا، فیصل مسجد سمیت تمام مساجد اور امام بارگاہوں کے اردگرد گشت پر مامور اہلکار مستعدر ہے، جبکہ یوم القدس کے جلوس کے لئے بھی بھرپور سکیورٹی اقدامات کئے گئے اور تمام داخلی و خارجی راستوں پر بھی تلاشی کو بڑھایا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال




کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ تلاشی کے دوران پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں، شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق "پکار-15" یا" آئی سی ٹی"-15 ایپ پر اطلاع کریں۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ سیکرٹریٹ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ سیکرٹریٹ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 56 گھروں، 09 گاڑیوں، 26 موٹرسائیکلوں اور 39 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا جبکہ ایک مشکوک شخص کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ سیکرٹریٹ منتقل کیا گیا، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ



آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جارہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار–15 "یا" آئی سی ٹی"-15 ایپ پر اطلاع دیں۔

# ہماری فریاد سنیں

ہمیں مِن حیث القوم یہ اِدراک ہونا چاہیے کہ منشیات کا بے دَریغ استعمال نوجوان نسل میں سرائیت اختیار کر چکا ہے، حالیہ برسوں میں تعلیمی اداروں میں اس کا استعمال تیزی سے بڑھتا ہوا دکھائی دیا ہے، فیشن کے طور پر اس کا آغاز اور لت لگنے کے بعد جرائم کی دنیا میں اس کا اختتام ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے منشیات کا یہ زہر ہمارے معاشرے کو دِیمک کی طرح چاٹ رہا ہے اور نوجوان نسل اس کا شکار ہو رہی ہے، نشے کا استعمال نوجوانوں کی صحت اور کردار کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا رہا ہے، تعلیمی ارادوں میں اس کا بڑھتا ہوا رجحان والدین اور اساتذہ کے لئے بہت بڑا چیلنج بن چکا ہے، منشیات فروش مختلف درسگاہوں میں تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو نشے کی لت لگا کر ان کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہے ہیں، اس کے پیچھے ایک پوری مافیا کام کر رہی ہے اور یہ سب کچھ ایک پلاننگ کے تحت ہو رہا ہے، حَیف صَد حَیف کہ اسلام آباد کے تعلیمی اداروں میں بھی اس کا استعمال کیا جارہا ہے، درسگاہوں میں بچے کوکین اور آئس نامی نشوں کا استعمال کر رہے ہیں، یہ جدید نشہ اتنا خطرناک ہے کہ اسے مختلف کیمیکلز ملا کر کرسٹل فارم میں تیار کیا جاتا ہے، یہ چرس سے کہیں زیادہ خطرناک ہوتا ہے، اسلام آباد پولیس نے منشیات کے استعمال کی روک تھام اور منشیات فروشوں کے خلاف بھاری کریک ڈاؤن جاری کیا ہے، منشیات بیچنے والے گروہوں کو گرفتار کیا جارہا ہے، حال ہی میں پولیس کے اعلی افسران نے منشیات پر قابو پانے اور اس کے مضر صحت مادے کی آگاہی کے لیے اسلام آباد کی نامور درسگاہوں میں جا کر لیکچرز دیے ہیں اور نوجوانوں کو منشیات کے نقصانات سے آگاہی فراہم کی ہے، اس کے علاوہ سوشل میڈیا کے ذریعے مسلسل آگاہی پیغامات بھی جاری کیے جارہے ہیں، چونکہ پولیس نے منشیات بیچنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا ہوا ہے اور ہر آئے دن ایسے گروہوں کو گرفتار کر کے زندان بھیجا جارہا ہے جس سے بہتری کے آثار نظر آنا شروع ہوگئے ہیں، ہم اسلام آباد پولیس کے اس بہترین اقدام پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ وہ اسی طرح جانفشانی کے ساتھ اپنا کام بخوبی سرانجام دیتے ہوئے شہر اقتدار کو منشیات سے بلکل پاک کر دیں گے۔ ہمیں خود بھی چاہیے کہ ہم انفرادی طور پر اس کارخیر میں اپنا کردار ادا کریں، اپنے گلی محلوں میں کڑی نظر رکھیں اور اگر کوئی مشکوک شخص نظر آئے یہ پھر کسی ایسے گروہ کے بارے معلوم ہو کہ وہ منشیات بیچتے ہیں تو پولیس کو فوری مطلع کریں تا کہ ان کے خلاف کارروائی کی جاسکے، آئیں ہم سب مل کر اسلام آباد کو منشیات سے پاک کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، عقل وخِرد اور دانشمندی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اس جلتی ہوئی آگ کو اب جلد از جلد بُجھایا جائے، کہیں ایسا نہ ہو کہ اس آگ کے شعلے ہمارے گھروں تک پہنچیں اور کوئی گھر محفوظ نہ رہے، آئیں! ہم سب مل کر اس لعنت سے جان چھڑائیں اور اس کے بڑھتے ہوئے استعمال کو روکیں، نوجوان نسل میں آگاہی پھیلائیں، خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی بچائیں، اپنی پولیس کا ساتھ دیں، اور اپنے تئیں اتنی کوشش کریں کہ اسلام آباد میں منشیات کا استعمال کرنا تو درکنار، منشیات کا نام تک لوگوں کے ذہنوں سے نَسیاً منسیّا ہو جائے۔

## سیف سٹی ای چالان سسٹم ٹریفک قوانین کے نفاذ میں موثر کردار ادا کر رہا ہے

جس سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 96 ای چالان ٹکٹس جاری، اب تک کل 02 لاکھ 63 ہزار سے زائد ای چالان ٹکٹس جاری کئے جا چکے ہیں، شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں، تا کہ حادثات میں روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے بین الاقوامی معیار کے مطابق وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ای چالان سسٹم کے تحت ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 96 ای چالان ٹکٹس جاری کیے ہیں، اب تک ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر کل 02 لاکھ 63 ہزار 897 ای چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکنوں کیخلاف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ سے لنک ڈیٹا بیس کی مدد سے خصوصی قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے، جس کے تحت قانون شکنوں کو ان کے موبائل نمبرز پر ای چالان ٹکٹ کا پیغام ارسال کیا جاتا ہے، ای چالان سسٹم کی موثر حکمت عملی کی وجہ سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جاری شدہ چالان ٹکٹس گاڑی اور موٹرسائیکل مالکان کے گھر بھی ارسال کئے جارہے ہیں، جرمانے کی رقم مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر چالان کی کاپی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں گاڑی کی ماسٹر فائل میں چسپاں کی جا رہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ چالان کے بقایا جات کو ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان جب تک جرمانے کی رقم ادا نہیں کرتے اس وقت تک گاڑی یا موٹر سائیکل کسی دوسرے شخص کے نام منتقل نہیں کیا جا سکے گا جبکہ جرمانے کی رقم ادا کرنے کے لئے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوئے مختلف موبائل اور بینک اکاؤنٹس کی سہولت فراہم کی گئی ہے، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سیف سٹی ای چالان سسٹم سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہو رہے ہیں اور ای چالان سسٹم کے تحت بہترین مانیٹرنگ کے باعث مہلک حادثات اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے کئے جانے والے چالان کے جدید نظام کو مزید بہتر اور موثر بنایا جارہا ہے اس نظام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثات کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔

Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
Islamabad Police | SATURDAY APRIL 06, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



| PUCAR -15 | | TRAFFIC | | CRIME | | TECHNOLOGY | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Emergency Call | 3995 | Traffic Fine Ticket | 3114 | Total Crime Registered | 84 | Tenant Registration | 55149 |
| Hoax Call | 3400 | Major Violation | 2797 | Accused Arrested | 49 | Employee Registration | 53491 |
| Emergency Response | 343 | Fatal Accident | ---- | Challan Submitted in Court | 60 | Vehicle Verification | 20718 |
| Minimum Response Time | 02 Min | Driving License | ---- | Stop & Search | 6684 | Lost & Found Reports | 08 |
| Maximum Response Time | 16 Min | Learner Permit | ---- | P.O / C.O Arrested | ---- | General Verification | 94519 |

## Citizens should cooperate with police to ensure peace and tranquility; CPO/ DIG Operations




DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari has issued an important message to the citizens of Islamabad, stating that the foremost priority of Islamabad Capital Police is the protection of the lives, property, and dignity of the citizens. If you feel that police officers are unlawfully harassing you, demanding marriage certificates, unnecessarily checking your vehicle documents, or bothering you with something unrelated to any crime, you can message me at this number 0330-0260022. He further said that, it is also essential to note that if police officers stop you anywhere, cooperate with them. The police are here for your own safety. The most important thing is that senior police officers are present to listen to all your complaints. So, I believe there's no need to engage in conflicts. The police personnel standing on the roads are there for the protection of your life, property, and dignity. While cooperating with them, present yourself with good manners. In any country, the police have the authority to stop and search individuals or vehicles to ensure the safety of citizens. It doesn't violate anyone's dignity. Citizens need to clarify before the police that they are not involved in any criminal activity, he added. If any police officer harasses you and demands a bribe, you can file your complaint regarding it. The name of the complaining citizen will be kept confidential. At the end he said that, complaints of misconduct by citizens will not only be sympathetically handled but strict departmental action will also be taken against corrupt elements within the police department.

## Officials directed to focus on crime prevention and public service

The CPO/ DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari has issued important directions for officers and officials of Islamabad Capital Police, a public relations officer said. CPO/ DIG Operations said that, all police officers and officials deployed anywhere in Islamabad Capital Police and performing their duties are primarily responsible for protecting the lives and property of the public. He directed the officers and officials not to engage in any form of injustice or harassment towards citizens. Issuing directives to Dolphin Squad and patrolling officers and officials, he stated that they will make their identification clear, use their nameplates on uniforms clearly, and strict action will be taken against officials who neglect his duty without the nameplate on their uniform. Further directions were issued to personnel of Islamabad Capital Police not to harass citizens, not to demand marriage certificates from them, and not to subject citizens to undue scrutiny. If any police officials are found involved in unjust harassment of citizens, strict action will be taken against them. He further said that, some time ago complaints were received from citizens against police officers, and disciplinary action was taken against them. CPO/ DIG Operations clarified that the clear objective of Islamabad Capital Police is crime fighting and protection of lives of citizens. All police officers and officials should focus on crime prevention and perform their duties with utmost dedication to public service.

## Islamabad Capital Police Dolphin Squad playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 3,087 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 757 pedestrians, 2326 motorcycles and 04 vehicles during the special and snap checking, out of which 13 suspicious individuals and 79 motorcycles were shifted to various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. “Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens”.

# 15 outlaws arrested; drugs and weapons recovered




Islamabad Capital Police apprehended 15 outlaws from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of CPO/ DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Shalimar police team arrested an accused namely Akbar Ali and recovered 1,015 gram heroin from his possession. The Ramna police team arrested an accused namely Fahim Khan and recovered 560 gram hashish and two gram cocaine from his possession. The Police team also arrested an accused namely Irshad Muhammad involved in selling diesel illegally. Likewise, the Golra police team arrested two accused namely Sohail Ali and Muhammad Adnan and recovered 480 gram heroin from their possession. The Industrial Area police team arrested an accused namely Ali Raza and recovered one 30 bore pistol from his possession. Similarly, the Shams Colony police team arrested an accused namely Rehmat Ullah and recovered one 30 bore pistol from his possession. The Noon police team arrested an accused namely Shah Gul and recovered 1050 gram hashish from his possession. Moreover, the Kirpa police team arrested three accused namely Haider Abbas, Ghulam Mustafa and Qamar Mukhtar and recovered one dagger, one 12 bore gun and 520 gram hashish from their possession. The Phulgran police team arrested an accused namely Waqas Umar and recovered one 30 bore pistol from his possession. Furthermore, the Shahzad Town police team arrested an accused namely Waris Ali and recovered one 30 bore pistol from his possession. The Karachi Company police team arrested an accused namely Jawad Shahid and recovered one 30 bore pistol from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the ongoing crackdown, the Islamabad capital police teams arrested two professional baggers and registered cases against them under the beggar act. Senior police officers directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. “Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard.

# Two members of snatcher gang held; valuables and weapons recovered




Islamabad Capital Police Sumbal police team arrested two wanted members of a former jailbird snatcher gang involved in numerous snatching activities and recovered snatched mobile phones, cash and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of CPO/DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Sumbal police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of a snatcher gang involved in numerous snatching activities. The accused were identified as Abdul Raheem and Shamsher Ahmed. Police team also recovered snatched mobile phones, cash and weapons from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. CPO/ DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives of citizens on priority basis.

# 14 absconders involved in heinous crime held

Islamabad Capital Police have arrested 14 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. He said that, special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, the Islamabad Capital police teams have arrested 14 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. Islamabad Capital Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. Safety of the citizens is the foremost priority.

# Pucar-15 helpline received 3,400 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 3,995 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 3,995 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,400 calls were hoax and irrelevant to police which make up 85% of all calls. Senior police officers took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. “If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands,” he maintained. They urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.



# 2500 policemen deployed for smooth observance of Jumat-ul-Wida, Youmul Quds



The Islamabad Capital Police have devised a comprehensive security plan for Jumat-ul-Wida and Youmul Quds gatherings on Friday (today) and deployed 2500 policemen including police commandos, lady force and special unit around Masajid and Imambargahs to avert any untoward incident. CPO/ DIG Operations Syed ShehzadNadeemBhukhari reviewed the security arrangements and finalized the plan. The CPO/ DIG Operations Islamabad directed all Sub-Divisional Police Officers (SDPOs) and In-charge Police Stations to improve the security plan and ensure checking of every person through metal detectors at Masajid and Imambargahs in their respective jurisdictions. Meanwhile, police commandos and teams of CTD, personnel of Islamabad Traffic Police and vehicles of police stations have been deployed at various areas. Special teams would patrol around Masajid including Fasial Masjid and worship places while these measures would be monitored by SDPOs and In-charge Police Stations of relevant areas. Concerned DPO would monitor the overall security and patrolling plans while policemen in plain clothes and uniform along with lady police would perform duties. Moreover security has been tightened during Youm-ul-Quds procession and at entry and exit points of the city. Citizens are urged to cooperate with police during the checking process and to report any suspicious activity or information on the emergency helpline "Pucar-15" or via "ICT-15"app for immediate assistance.

# Search and combing operation conducted at Secretariat Police Station jurisdiction

Islamabad Capital Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at Secretariat police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of SSP (CTD) the search and combing operations are being conducted in different areas of the city, to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Secretariat police station by CTD and local police teams. During the search and combing operation 39 suspicious persons, 56 houses, 26 motorcycles and 09 vehicles were thoroughly checked, while police teams also shifted one suspicious person to the police station for further verification purpose. SSP Counter Terrorism Department said that, the purpose of the search and combing operations



was to heighten the security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with police during the checking.

# Over 2,63,897 e-challan tickets issued through safe city cameras

The Islamabad Capital Police have issued 96 e-challan tickets during the last 24 hours and a total of 2,63,897 e-challan tickets to motorists have been issued over various traffic rules violations so far. E-challan tickets were delivered to the violators at their home address. A copy of challan was attached with the master file of the vehicles at the excise office over non-payment of penalty amount within the given time, he added. The car owners who were subjected to a fine could not sell or transfer their vehicle until the clearance of dues. The fine amount could be paid through different banks, mobile accounts and other digital means. There was a significant decline observed in the number of road mishaps and traffic violations in the federal capital after introducing this new challan system. The move was aimed at getting residents of the capital to abide by traffic laws even in the absence of traffic officers with the use of modern technology.

## Social Media Corner Islamabad Police







